***Journal of Religion & Society* (JR&S)**
Available Online:
https://islamicreligious.com/index.php/Journal/index
Print ISSN: 3006-1296Online ISSN: 3006-130X
Platform & Workflow by: Open Journal Systems

Juristic Opinions on Sale Before Possession: A Fiqh-Based and Applied Study

بیع قبل القبض میں اجتہادی آراء(ایک فقہی و تطبیقی مطالعہ)

Qazi Muhammad Imdad

Ph. D Scholar, Department of Islamic Studies, Bahria University, Islamabad

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmizi

Associate Professor, Chairperson, Department of Islamic Studies, Bahria University, Islamabad

Abstract

This study examines the jurisprudential dimensions of Bay ‘qabl al-qabd (sale prior to possession), a significant and recurrent issue within Islamic commercial law that has acquired renewed complexity in the context of contemporary financial practices. Islamic law mandates that all financial transactions be governed by the principles of justice, transparency, and the protection of contractual rights; however, the application of these principles to evolving market structures such as online trading platforms, digital marketplaces, and electronic commodity exchanges has generated substantial juristic discourse. Classical Muslim jurists exhibited divergent positions on the permissibility of sale prior to possession. While a number of scholars categorically prohibited such transactions, others allowed them under specific conditions or with respect to certain categories of goods. It further explores the underlying causes of juristic disagreement, including methodological differences in textual interpretation, the determination of effective legal causes (‘illah), and the role of customary practice (‘urf). In addition, the study evaluates the contemporary applicability of this doctrine in areas such as online trading, Islamic banking, and digital financial systems. The objective is not merely to present competing juristic perspectives, but to synthesize them in order to arrive at a balanced and contextually relevant conclusion that aligns with the higher objectives of Islamic law (Maqāṣid al-Sharī‘ah) and addresses the exigencies of the modern economic environment.

Keywords: *Bay ‘qabl al-qabd; Islamic jurisprudence; qabd (possession); comparative fiqh; online trading; Islamic banking*

تمہید و تعارف

اسلام ایک جامع نظامِ حیات ہے جو انسانی زندگی کے ہر پہلو خصوصاً معاشی اور مالی معاملات کے لیے واضح اصول اور رہنما خطوط فراہم کرتا ہے۔ چونکہ انسانی معاشرہ براہِ راست لین دین، تجارت اور تبادلہٗ اموال سے وابستہ ہے، اس لیے شریعتِ اسلامی نے خرید و فروخت اور معاملات کے باب کو غیر معمولی اہمیت دی ہے۔ قرآن و سنت میں جہاں تجارت کو حلال اور سود کو حرام قرار دیا گیا ہے، وہیں مالی معاملات میں غرر (دھوکہ)، ظلم اور استحصال کے تمام دروازے بند کرنے کی بھی تاکید کی گئی ہے۔

انہی اصولی ہدایات کے ضمن میں قبضہ کا تصور سامنے آتا ہے، جو بیع کی صحت اور اس کے اثرات کی تعیین میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ نبی کریم ﷺ سے مروی متعدد احادیث میں بعض اشیاء کو قبضہ میں لیے بغیر آگے فروخت کرنے سے منع کیا گیا ہے، جس کی بنیاد پر فقہاء نے بیع قبل القبض کے مسئلہ پر تفصیلی بحث کی ہے۔ تاہم، یہ بحث محض نص کے ظاہری مفہوم تک محدود نہیں رہی بلکہ قبضہ کی نوعیت، اس کے معیار، اور عرف و مصالح کے کردار جیسے اجتہادی پہلوؤں تک پھیل گئی۔

فقہ اسلامی کی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ فقہائے اربعہ نے بیع قبل القبض کے حکم میں یکساں موقف اختیار نہیں کیا، بلکہ ان کے مابین اختلاف کی بنیاد نصوص کے فہم، قبضہ کے مفہوم، اور اشیاء کی نوعیت پر قائم ہے۔ یہی اجتہادی تنوع فقہ اسلامی کی وسعت اور لچک کی علامت ہے، لیکن عصرِ حاضر کے پیچیدہ مالی نظام میں یہی اختلافات عملی سطح پر کئی نئے سوالات کو جنم دیتے ہیں۔

آج کے دور میں، جب تجارتی معاملات اسٹاک ایکسچینج، آن لائن اور ڈیجیٹل ٹریڈنگ اور اسلامی بینکاری جیسے جدید ادارہ جاتی سانچوں میں انجام پا رہے ہیں، بیع قبل القبض کا مسئلہ مزید اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ اس تناظر میں ایک ایسے علمی و تحقیقی مطالعہ کی ضرورت محسوس ہوتی ہے جو کلاسیکی (قدیم) فقہی آراء کو معاصر تطبیقات کے ساتھ جوڑتے ہوئے اس مسئلہ کا جامع اور متوازن حل پیش کرے۔ زیرِ نظر تحریر اسی ضرورت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے قرطاسِ قلم کی گئی ہے، جس میں بیع قبل القبض سے متعلق اجتہادی آراء کا فقہی و تطبیقی تجزیہ کیا گیا ہے۔

موجودہ دور میں تجارتی معاملات کی نوعیت تیزی سے تبدیل ہو چکی ہے، جہاں روایتی بازاروں کی جگہ آن لائن ٹریڈنگ پلیٹ فارمز، ڈیجیٹل مارکیٹس اور الیکٹرانک معاہدات نے لے لی ہے۔ ان جدید صورتوں میں بیع اکثر اس مرحلے پر انجام پاتی ہے جب مبیع (فروخت شدہ چیز) خریدار کے حقیقی قبضہ میں نہیں آتی بلکہ محض اکاؤنٹس، ڈیجیٹل انٹریز یا وعدۂ تسلیم و تسلم کی صورت میں موجود ہوتی ہے۔ یہی صورتِ حال بیع قبل القبض کے فقہی حکم کو ایک نئے زاویہ سے زیرِ بحث لانے کا تقاضا کرتی ہے۔ چنانچہ یہ تحریر کلاسیکی (قدیم) فقہی مباحث کو جدید آن لائن تجارتی نظام سے مربوط کرتے ہوئے یہ جانچنے کی کوشش کرتی ہے کہ آیا ڈیجیٹل اور الیکٹرانک قبضہ فقہی اصولوں کی رو سے معتبر ہے یا نہیں، اور کن حدود و قیود کے ساتھ اسے جائز قرار دیا جا سکتا ہے۔

بیع اور قبضہ کا مفہوم

بیع کا لغوی معنی

مال کے عوض کسی چیز کو اپنی ملکیت سے خارج کرنا، اور چونکہ لفظِ بیع اضداد میں سے ہے اس لئے مال کے بدلے کسی چیز کو اپنی ملکیت میں داخل کرنا بھی اس کے لغوی معنیٰ کی ترجمانی کرے گا، خلاصہ یہ ہے بیچنا اور خریدنا یہ دونوں بیع کے لغوی معنیٰ ہیں۔

بیع کی شرعی تعریف

مبادلۃ المال بالمال علی وجہ التراضی

یعنی باہمی رضامندی سے مال کے بدلے مال کا تبادلہ کرنا شریعت کی اصطلاح میں بیع کہلاتا ہے۔

آسان الفاظ میں اسلامی شریعت میں بیع ایک ایسا معاہدہ ہے جس کے ذریعے ایک فریق (بائع) کسی معین چیز کو دوسرے فریق (خریدار) کے حق میں منتقل کرنے پر راضی ہوتا ہے، اور خریدار اسے خرید کر قبول کرتا ہے۔

بیع کے جواز کی شرعی حیثیت

اللہ رب العزت نے قرآنِ حکیم میں ارشاد فرمایا: "وَأَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا"[1] (اور اللہ نے بیع کو حلال کیا اور سود کو حرام کر دیا)

اس آیتِ مقدسہ میں اللہ تعالیٰ نے تجارت کو جائز اور سود کو حرام قرار دیا ہے، حالانکہ بظاہر دونوں ایک جیسے محسوس ہوتے ہیں۔ مگر حقیقت میں تجارت باہمی رضامندی، دیانت اور نفع عام پر قائم ہوتی ہے، جس سے معاشرے میں بھلائی اور آسانی پیدا ہوتی ہے، جبکہ سود مجبوری سے فائدہ اٹھا کر ظلم اور استحصال کو جنم دیتا ہے اور انسانی ہمدردی کو ختم کر دیتا ہے۔ اسی واضح فرق کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے خرید و فروخت کو جائز اور سود کو ناجائز قرار دیا ہے۔

ایک اور مقام پر رب کریم ارشاد فرماتا ہے:

"یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ"[2]

اے ایمان والو! باطل طریقے سے آپس میں ایک دوسرے کے مال نہ کھاؤ البتہ یہ (ہو) کہ تمہاری باہمی رضامندی سے تجارت ہو۔

اس آیتِ مقدسہ کے تفصیلی مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ "باطل طریقے" سے مراد وہ تمام ذرائع ہیں جنہیں شریعت نے حرام قرار دیا ہے، جیسے سود، چوری، جوا، دھوکہ دہی، خیانت اور غصب وغیرہ۔ اسی طرح رشوت، ملاوٹ، ناپ تول میں کمی، قرض دبانا، بھتہ خوری اور دیگر گناہ کے کاموں میں اپنے مال کو خرچ کرنا بھی اسی میں شامل ہے۔

آیتِ مقدسہ میں موجود "باہمی رضامندی" کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر وہ خرید و فروخت ناجائز ہے جس میں فریقین کی حقیقی رضا شامل نہ ہو، جیسے جبری قبضہ یا ایسی نیلامی جس میں مالک راضی نہ ہو۔

مزید یہ کہ مال حاصل کرنے کے جائز ذرائع صرف تجارت نہیں بلکہ تحفہ، وصیت اور وراثت بھی ہیں، البتہ تجارت کا ذکر خاص طور پر اس لیے کیا گیا کہ یہ ایک عام اور اختیاری ذریعہ ہے۔

احادیثِ مبارکہ سے بھی آپس میں بیع یعنی خرید و فروخت کا جواز ملتا ہے۔ چنانچہ تحریر کو طوالت سے بچاتے ہوئے صرف تین احادیثِ مبارکہ پیش کی جا رہی ہیں۔

عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ أَنْ يَأْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ وَإِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ"

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کسی آدمی کے لئے اس سے بہتر کوئی کھانا نہیں ہے کہ اپنے ہاتھ سے محنت کر کے کھائے اور اللہ کے پیغمبر حضرت داؤدؑ اپنے ہاتھ سے (زرہ بنا کر) کھایا کرتے تھے۔[3]

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا وَأَنَّ اللّٰهَ أَمَرَ الْمُؤْمِنِينَ بِمَا أَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِينَ فَقَالَ: (يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا) وَقَالَ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا

[1] البقرۃ: 275

[2] النساء: 29

[3] بخاری، جلد اول کتاب البیوع، حدیث نمبر 1943

رَزَقْنَاكُمْ) ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيلُ السَّفَرَ أَشْعَثَ أَغْبَرَ يَمُدُّ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ: يَا رَبِّ يَا رَبِّ وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ وَغُذِّيَ بِالْحَرَامِ فَأَنَّى يُسْتَجَابُ لِذَلِكَ؟"[4]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ پاک ہے اور وہ صرف پاک چیز ہی کو قبول فرماتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کو اسی چیز کا حکم دیا ہے جس کا اس نے رسولوں کو حکم دیا تھا۔ چنانچہ فرمایا: "اے رسولو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو۔" اور فرمایا: "اے ایمان والو! جو پاکیزہ رزق ہم نے تمہیں دیا ہے اُس میں سے کھاؤ۔" پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے شخص کا ذکر فرمایا جو لمبا سفر کرتا ہے، اس کے بال بکھرے ہوئے اور جسم گرد آلود ہے، وہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہتا ہے: "اے میرے رب! اے میرے رب!"، حالانکہ اس کا کھانا حرام ہے، پینا حرام ہے، لباس حرام ہے، اور وہ حرام ہی سے پرورش پاتا ہے، تو ایسے شخص کی دعا کیسے قبول ہو سکتی ہے؟

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تجّار بدکار ہیں۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا اللہ تعالیٰ نے بیع حلال نہیں کی ہے؟ فرمایا: بیع حلال ہے، لیکن یہ لوگ بات کرنے میں جھوٹ بولتے ہیں اور قسم کھاتے ہیں، اس میں جھوٹے ہوتے ہیں۔[5]

مذکورہ بالا احادیثِ مبارکہ سے یہ حقیقت واضح طور پر سامنے آتی ہے کہ اسلامی شریعت میں کسبِ حلال کو نہایت بنیادی اور مرکزی حیثیت حاصل ہے، اور انسان کے لیے افضل ترین رزق وہی ہے جو وہ اپنی ذاتی محنت اور جائز ذرائع سے حاصل کرے؛ چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام کی مثال اس امر کی عملی تائید کرتی ہے کہ انبیائے کرام بھی اپنی محنت سے رزق کمانے کو اختیار فرماتے تھے۔ مزید برآں، یہ اصول بھی متعین کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف طیب اور پاکیزہ مال کو قبول فرماتا ہے، اور یہی معیار اہلِ ایمان کے لیے بھی لازم ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ محض مال کا حصول کافی نہیں بلکہ اس کا حلال اور پاکیزہ ہونا بنیادی شرط ہے۔ اسی طرح حدیث میں مذکور اُس شخص کی مثال، جس کی دعا اس کے حرام کھانے، پینے اور لباس کی وجہ سے قبول نہیں ہوتی، اِس حقیقت کو اُجاگر کرتی ہے کہ حرام مال نہ صرف عبادات کی قبولیت میں رکاوٹ بنتا ہے بلکہ انسان کی روحانی و اخلاقی زندگی پر بھی منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ مزید یہ کہ باہمی خرید و فروخت کو شریعت نے جائز اور پسندیدہ قرار دیا ہے، تاہم اِس میں جھوٹ، دھوکہ دہی اور جھوٹی قسموں سے سختی کے ساتھ منع کیا گیا ہے، تاکہ معاملات میں عدل، شفافیت اور فریقین کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ لہٰذا اِن تمام نُصوص کی روشنی میں یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ بیوع و معاملات میں حلال، شفاف اور جائز اصولوں کی پابندی نہ صرف ایک شرعی تقاضا ہے بلکہ ایک اخلاقی و روحانی ضرورت بھی ہے، اور یہی اصول بیع قبل القبض جیسے فقہی مسائل کے صحیح فہم کے لیے بنیادی رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

بیع کی صحت اور اثرات کا انحصار چونکہ اکثر قبضہ کے وجود پر ہوتا ہے، اِسی وجہ سے اب قبضہ کے مفہوم اور قبضہ کے لوازمات کو تفصیل سے بیان کیا جاتا ہے۔

قبضہ کی لغوی تعریف

قبضہ عربی زبان کا لفظ ہے جو " قبض " سے ماخوذ ہے۔ قبض کا معنٰی ہے ہتھیلی کے ساتھ کسی چیز کو پکڑنا۔ چنانچہ کہا جاتا ہے: " قبض المال ای اخذہ بیدہ " یعنی مال پر ہاتھ کے ذریعے قبضہ کرنا۔ اسی طرح " قبض الید علی الشئ " کا معنٰی ہے، ہاتھ سے کسی چیز کو پکڑنا۔ بعض اوقات موت کو بھی قبض سے تعبیر کیا جاتا ہے کیونکہ موت کی وجہ سے بھی انسان مقبوض ہو جاتا ہے۔

---

[4] صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، باب قبول الصدقۃ من الکسب الطیب، حدیث نمبر: 1015

[5] مسند امام احمد، حدیث عبد الرحمٰن بن شبل، 5/ 288، حدیث: 15530

قبضہ کی اصطلاحی تعریف

فقہائے کرام نے قبضہ کی تعریف یوں کی ہے کہ "معنی القبض ہو التمکین والتخلی وارتفاع الموانع عرفا وعادۃ حقیقۃ" یعنی قبضہ سے مراد یہ ہے کہ کسی چیز پر ایسا اختیار اور تصرف دینا کہ اس کے استعمال میں کوئی معروف اور حقیقی رکاوٹ باقی نہ رہے۔[6]

قبضہ کی اقسام

فقہائے کرام نے قبضہ کی مختلف قسمیں بیان کی ہیں۔(1) قبضہ حقیقی (2) قبضہ حکمی (3) قبضہ معنوی یعنی دستاویزی قبضہ (4) قبضہ رمزی یعنی ڈیجیٹل قبضہ

قبضہ حقیقی

فقہاء کے نزدیک قبضہ حقیقی وہ ہے جس میں مبیع (فروخت شدہ چیز) کو عملاً اپنے قبضہ اور تصرف میں لے لیا جائے، یعنی حسّی اور مادی طور پر اس پر اختیار حاصل ہو جائے۔ مثلاً منقولہ چیز کو ہاتھ میں لے لینا یا منتقل کرنا، زمین یا مکان میں داخل ہو کر اسے اپنے استعمال میں لے آنا اور مکیلی (ناپی جانے والی) اور موزونی (تولی جانے والی) اشیاء کو ناپ تول کر وصول کرنا۔

قبضہ حکمی

قبضہ حکمی وہ ہے جس میں مبیع کو جسمانی طور پر تو منتقل نہ کیا جائے، مگر عرفاً اور شرعاً تصرف کی مکمل اجازت اور اختیار دے دیا جائے۔ مثلاً تخلیہ و تمکین (مکان خالی کرنا اور قبضہ دے دینا)، گودام کی چابی دے دینا، مال کی حوالگی کا قانونی دستاویز منتقل کرنا اور جدید بینکاری میں کنٹرول کا انتقال یہ سب حکمی قبضہ کی صورتیں ہیں۔

قبضہ معنوی / دستاویزی قبضہ

جدید دور میں ایسی ستاویزات یا اسناد کا ملنا جو قانونی طور پر ملکیت ثابت کریں۔ جیسے بحری ترسیل کی دستاویز، گودام کی رسید قبضہ معنوی کہلاتا ہے۔ اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے قرارات میں واضح کیا ہے کہ ایسی دستاویزات جو عرف و قانون میں قبضہ کی حیثیت رکھتی ہوں، فقہی قبضے کے طور پر معتبر ہیں۔

قبضہ رمزی / ڈیجیٹل قبضہ

کرپٹو کرنسی اور ڈیجیٹل اثاثوں کے بارے میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب کسی شخص کے اکاؤنٹ میں بٹ کوائن منتقل ہو جائے، تو کیا اِسے شرعی طور پر قبضہ شمار کیا جائے گا یا نہیں۔ علماء کی اس بارے میں مختلف آراء ہیں، لیکن زیادی مضبوط اور قابلِ قبول رائے یہ ہے کہ اِسے حکمی قبضہ مانا جاتا ہے۔

قبضہ کی شرعی حیثیت

قبضہ شریعتِ اسلامیہ میں محض رسمی عمل نہیں بلکہ ملکیت کے استقرار اور تصرف کے جواز کا بنیادی ذریعہ ہے۔ قرآن و سنت سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض معاملات میں قبضہ شرطِ صحت ہے اور بعض میں شرطِ لزوم قرار دیا گیا ہے۔ قرآنِ مجید میں رہن کے باب میں ارشاد ہے: "فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ"[7]

---

[6] بدائع الصنائع، البیوع، فصل فی الشرط الذی یرجع الی المقود علیہ، 5/138، دار الکتب العلمیہ، 1328ھ، طبعہ اولی

[7] البقرۃ:283

اس آیتِ مقدسہ سے واضح ہوتا ہے کہ گروی رکھا گیا مال قبضہ میں دینا ضروری ہے، ورنہ رہن کا مقصد پورا نہیں ہوتا۔ اسی طرح نبی کریم ﷺ نے قبضہ سے پہلے خریدی ہوئی چیز کو فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے۔

حضرتِ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: "ان رسول اللہ نہی ان یبیع الرجل طعاما حتیٰ یستوفیہ"[8] نبی کریم ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ آدمی کھانے کی چیز قبضہ کرنے سے پہلے فروخت کر دے۔

حضرتِ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "من اشتری طعاما بکیل او وزن فلا یبعہ حتیٰ یقبضہ"[9] جو شخص کیل یا وزن کے اعتبار سے کھانا خریدے تو اس پر قبضہ کرنے سے پہلے فروخت نہ کرے۔

حضرتِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "من اشتری طعاما فلا یبعہ حتیٰ یکتالہ"[10] جو شخص کھانے کی کوئی چیز خریدے وہ کیل کرنے (پیمانہ کے ساتھ ناپنے) سے پہلے فروخت نہ کرے۔

حضرتِ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا ارشادِ گرامی ان الفاظ سے نقل کرتے ہیں کہ: " کان رسول اللہ یقول: اذا ابتعت طعاما فلا تبعہ حتیٰ یستوفیہ"[11] رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ جب تم کوئی غلہ خریدو تو اسے پورا قبضہ میں لینے سے پہلے نہ فروخت کرو۔

حضرتِ حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ " قلت یا رسول اللہ انی اشتریت بیوعا فما یحل لی منہا وما یحرم علی؟ قال: فاذا اشتریت فلا تبعہ حتیٰ یقبضہ"[12] میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ میں خرید و فروخت کے معاملات کرتا رہتا ہوں تو میرے لئے اس میں کیا حلال ہے اور کیا حرام ہے؟ فرمایا: کہ جب تم کوئی چیز خرید لو تو اس پر قبضہ کرنے سے پہلے اسے فروخت نہ کرو۔

نبی رحمت ﷺ کے اصحاب کا بھی اسی بات پر عمل کرنا ثابت ہے کہ مال پر قبضہ کرنے سے پہلے اسے فروخت نہیں کرتے تھے۔ چنانچہ حضرتِ نافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرتِ ابن عمر رضی اللہ عنہ خریدے ہوئے غلہ کو بازار میں اسی جگہ فروخت نہیں کرتے تھے بلکہ اسے منتقل کرتے تھے۔ یہ عملی تعامل اس بات کی دلیل ہے کہ صحابہ کے نزدیک قبضہ حقیقی معنی رکھتا تھا۔[13]

متذکرہ بالا تمام احادیثِ مبارکہ سے یہ اصول مستنبط ہوتا ہے کہ قبضہ سے پہلے مکمل اور مستحکم ملکیت حاصل نہیں ہوتی، اور قبل از قبضہ فروخت میں نزاع اور غرر کا اندیشہ رہتا ہے۔ لہٰذا مبیع پر قبضہ کرنے سے پہلے اس کو فروخت نہیں کرنا چاہئے۔

فقہی طور پر "قبضہ" کو آسان الفاظ میں یوں سمجھا جاسکتا ہے کہ جب کوئی چیز حقیقت میں آپ کے کنٹرول میں آجاتی ہے تو وہی قبضہ کہلاتا ہے، اور یہی چیز آپ کی ملکیت کو مضبوط اور واضح بناتی ہے۔ بعض معاملات میں قبضہ ضروری ہوتا ہے، جیسے رہن میں، جبکہ کچھ معاملات میں یہ ملکیت کو مکمل اور پختہ کرنے کے لیے شرط بنتا ہے، جیسے کھانے پینے کی چیزوں کی خرید و فروخت میں۔ دراصل قبضہ کا اصل مقصد یہ ہے کہ لین دین میں

---

[8] بخاری، البیوع، باب مایذکر فی بیع الطعام، 2/750، دار الیمامہ، 1441ھ، طبعہ خامسہ

[9] مسند احمد، مسند عبداللہ بن عمر بن الخطاب، 5/296، دار الحدیث، 1416ھ، طبعہ اولیٰ

[10] مسلم، البیوع، باب بطلان بیع المبیع قبل القبض، 5/8، دار الطباعہ العامرۃ ترکیا، 1334ھ

[11] مسلم، البیوع، باب بطلان بیع المبیع قبل القبض، 5/9، دار الطباعہ العامرۃ ترکیا، 1334ھ

[12] کنز العمال، البیوع، محظوراتہ بیع مالم یقبض، 4/157، مؤسسۃ الرسالۃ، 1405ھ، الطبعۃ الخامسۃ

[13] مالک بن انس، الموطأ، کتاب البیوع، حدیث: 1429

کسی قسم کا جھگڑا، دھوکہ یا ابہام باقی نہ رہے، بلکہ ہر چیز واضح اور محفوظ ہو جائے۔ اس طرح شریعت قبضہ کے ذریعے معاملات کو منظم بناتی ہے اور لوگوں کے حقوق کو بہتر طریقے سے محفوظ کرتی ہے۔

فقہائے کرام کی آراء

ان احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں معلوم ہوتا ہے کہ کسی چیز کو قبضہ میں لینے سے پہلے فروخت کرنا جائز نہیں۔ فقہائے کرام کا اس مسئلے پر اصولی اتفاق ہے، اگرچہ بعض تفصیلات میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ جمہور فقہاء کے نزدیک جس چیز پر حقیقی قبضہ نہ ہو، اسے فروخت کرنا درست نہیں، کیونکہ اس میں غرر اور نزاع کا اندیشہ ہوتا ہے۔

چونکہ احادیثِ نبویہ اور آثارِ صحابہ سے یہ امر واضح ہو چکا کہ قبضہ سے پہلے فروخت کی ممانعت نصوصِ صحیحہ سے ثابت ہے۔ تاہم ان نصوص کے فہم، ان کی علت کی تعیین، اور ان کے عموم و خصوص کے تعین میں فقہائے امت کے درمیان اختلاف پیدا ہوا۔ یہی اختلاف بعد میں ائمہ اربعہ کے فقہی مناہج میں نمایاں صورت اختیار کر گیا۔ چنانچہ اب مناسب ہے کہ ان ائمہ کرام کے اپنے الفاظ میں ان کا موقف نقل کیا جائے تاکہ مسئلہ کی اصل فقہی جہت واضح ہو سکے۔

فقہِ حنفی میں بیع قبل القبض

فقہِ حنفی میں بیع قبل القبض کے مسئلہ کو نہایت منظم اور دقیق انداز میں بیان کیا گیا ہے، جہاں اموال کی نوعیت (منقولہ اور غیر منقولہ) کے اعتبار سے واضح تفریق کی گئی ہے۔ احناف کے نزدیک یہ حکم اس لیے ہے کہ ذمہ داری (ضمان) کب پختہ ہوتی ہے اور کسی کو نقصان ہونے کا امکان ہے یا نہیں۔

منقولہ اموال

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک منقولہ اشیاء، جیسے اناج، کپڑا اور دیگر سامان، میں قبضہ سے پہلے بیع ناجائز ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان اشیاء کا ضمان قبضہ کے ساتھ مستحکم ہوتا ہے۔ جب تک مبیع بائع کے قبضہ میں رہتی ہے، اس کے تلف ہونے کی صورت میں عقد ختم ہو جاتا ہے، جس سے دوسرے خریدار کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے[14]

غیر منقولہ اموال

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک زمین، مکان اور دیگر غیر منقولہ جائیداد میں قبضہ سے پہلے بیع جائز ہے، کیونکہ ان کے ضائع ہونے کا امکان نہایت کم ہوتا ہے اور ان کا ضمان عقد کے ساتھ ہی منتقل ہو جاتا ہے۔ اس بنا پر یہاں ضرر اور نزاع کا احتمال کم رہتا ہے۔[15]

امام محمد اور امام ابو یوسف کا اختلاف

امام محمد اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک غیر منقولہ اموال میں بھی قبضہ سے پہلے بیع کو ناپسندیدہ قرار دیا گیا ہے، اگرچہ اسے ناجائز نہیں کہا گیا۔ ان کے نزدیک احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ قبضہ کے بعد ہی بیع کی جائے تاکہ ہر قسم کے ممکنہ نقصان اور اختلاف سے بچا جا سکے۔[16]

فقہ حنفی میں اصل بحث ضمان اور قبضہ کے تعلق پر قائم ہے۔ امام سرخسی لکھتے ہیں:

---

[14] الہدایہ، کتاب البیوع؛ بدائع الصنائع، جلد ۵، صفحہ ۱۴۸

[15] المبسوط، جلد ۱۳، صفحہ ۹؛ بدائع الصنائع، جلد ۵، صفحہ ۱۴۹

[16] بدائع الصنائع، جلد ۵، صفحہ ۱۴۹؛ رد المحتار، جلد ۵، صفحہ ۱۴۴

"لأن الملك يثبت بالعقد، ولكن الضمان لا ينتقل إلا بالقبض، فكان البيع قبل القبض ربح ما لم يضمن"[17]

ملکیت تو عقد کے ذریعے ثابت ہو جاتی ہے، لیکن ضمان قبضہ کے بغیر منتقل نہیں ہوتا، لہٰذا قبضہ سے پہلے فروخت کرنا ایسے نفع کے مترادف ہے جس میں ضمان شامل نہیں۔

اسی طرح علامہ کاسانی تصریح کرتے ہیں:

"وأما بيع المنقول قبل القبض فلا يجوز؛ لأنه يؤدي إلى ربح ما لم يضمن"[18]

یعنی منقول چیز کو قبضہ سے پہلے فروخت کرنا جائز نہیں، کیونکہ یہ اس نفع تک پہنچاتا ہے جو ضمان کے بغیر ہو۔ فقہِ حنفی میں اصل بات یہ سمجھی جاتی ہے کہ ملکیت اور ذمہ داری (ضمان) ایک ساتھ منتقل نہیں ہوتیں۔ عقد (معاہدہ) ہوتے ہی چیز خریدار کی ہو تو جاتی ہے، لیکن اس کی ذمہ داری اُس وقت تک منتقل نہیں ہوتی جب تک وہ چیز اس کے قبضے میں نہ آجائے۔ اسی لیے اگر کوئی شخص قبضہ سے پہلے ہی چیز آگے بیچ دے تو یہ ایسے نفع کے برابر ہے جس میں اس نے ابھی تک ذمہ داری اٹھائی ہی نہیں۔

اسی بات کو سامنے رکھتے ہوئے احناف کہتے ہیں کہ خاص طور پر منقولہ چیزوں (جیسے سامان وغیرہ) کو قبضہ سے پہلے بیچنا درست نہیں، کیونکہ اس میں نقصان کا خطرہ ہوتا ہے اور آدمی ایسی چیز سے فائدہ اٹھاتا ہے جس کی ذمہ داری اس نے لی ہی نہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ احناف کے نزدیک اصل مسئلہ یہی ہے کہ ذمہ داری کب منتقل ہوتی ہے، اور اسی بنیاد پر بعض صورتوں میں غیر منقولہ جائیداد کے لیے کچھ نرمی کی گئی ہے۔

احناف کے نزدیک اہم قاعدہ

[19]"التخلية بين المبيع والمشتري تقوم مقام القبض"

احناف کے نزدیک قبضہ صرف ہاتھ سے چیز پکڑنے کا نام نہیں، بلکہ اگر بیچنے والا (بائع) خریدار کو مکمل اختیار دے دے کہ "یہ چیز تمہاری ہے، جب چاہے لے جاؤ" اور خود اس سے الگ ہو جائے، تو یہ بھی قبضہ ہی شمار ہوتا ہے۔ یعنی جب راستہ صاف ہو جائے اور خریدار کو چیز لینے کی پوری آزادی مل جائے، تو اسے قبضہ حکمی (قانونی قبضہ) کہا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں خریدار اس چیز کو آگے بیچ بھی سکتا ہے۔

فقہِ مالکی میں بیع قبل القبض

فقہِ مالکی میں اس مسئلے کو سمجھنے کے لیے اشیاء کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ کھانے پینے کی چیزیں اور دیگر چیزیں

کھانے پینے کی چیزیں

امام مالک بن انس رحمہ اللہ کے نزدیک کھانے پینے کی چیزوں کو قبضہ سے پہلے بیچنا بالکل جائز نہیں۔ چاہے خریدار کو مکمل اجازت بھی دے دی جائے (قبضِ تخلیہ ہو جائے)، تب بھی آگے بیچنے کی اجازت نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ احادیث میں خاص طور پر طعام کے بارے میں سختی سے ممانعت آئی ہے، اس لیے اس میں کوئی نرمی نہیں کی جاتی۔[20]

---

[17] السرخسی، محمد بن احمد، المبسوط، بیروت: دار المعرفۃ، 13/8

[18] الکاسانی، علاء الدین، بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع، بیروت: دار الکتب العلمیہ، 5/148

[19] بدائع الصنائع، جلد ۵، صفحہ ۲۴۴

[20] الموطأ امام مالک، کتاب البیوع؛ بدایۃ المجتہد، جلد ۲، صفحہ ۱۵۷

غیر طعام یعنی دیگر اشیاء

کھانے پینے کے علاوہ دوسری چیزوں میں امام مالک کے نزدیک قبضہ سے پہلے بیچنا درست نہیں، بلکہ گناہ ہے، لیکن اگر بیچ دیا جائے تو بیع ہو جاتی ہے (یعنی معاہدہ ٹوٹتا نہیں)۔ اس لحاظ سے یہ موقف احناف کے مقابلے میں کچھ نرم ہے۔[21]

امام ابنِ رشد

امام ابن رشد رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے کہ کھانے پینے کی چیزوں میں سختی اس لیے ہے کہ یہ انسان کی بنیادی ضرورت ہیں، اس لیے ان میں احتیاط زیادہ کی گئی ہے، جبکہ دوسری اشیاء میں یہ وجہ کمزور ہے، اس لیے وہاں کچھ نرمی رکھی گئی ہے۔ ابن رشد اس اختلاف کو یوں بیان کرتے ہیں:

"وسبب اختلافهم: هل النهي خاص بالطعام أم هو عام في كل شيء؟"[22]

فقہاء کے اختلاف کا سبب یہ ہے کہ آیا یہ ممانعت صرف طعام کے ساتھ خاص ہے یا ہر چیز کو شامل ہے؟

امام مالک سے مؤطا میں منقول ہے کہ طعام کو قبضہ سے پہلے فروخت کرنا جائز نہیں۔[23] مالکیہ کے ہاں سدّ الذرائع اور عرف کا اعتبار بھی ملحوظ رکھا جاتا ہے، اسی لیے وہ بعض اشیاء میں عرفی قبضہ کو معتبر قرار دیتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کھانے پینے کی چیزوں میں سختی ہے (بالکل منع)، جبکہ دوسری چیزوں میں کچھ نرمی ہے (گناہ تو ہے مگر بیع ہو جاتی ہے)۔

فقہ شافعی میں بیع قبل القبض

امام شافعی رحمہ اللہ کا موقف اس مسئلے میں سب سے زیادہ سخت ہے۔ ان کے نزدیک کوئی بھی چیز ہو، چاہے سامان ہو یا زمین، کھانے کی ہو یا نہ ہو، اسے قبضہ میں لینے سے پہلے آگے بیچنا جائز نہیں۔ بلکہ اگر ایسا کیا جائے تو وہ بیع سرے سے صحیح ہی نہیں ہوتی، یعنی معاہدہ ہی منعقد نہیں ہوتا۔ فقہ شافعی میں حکم زیادہ عموم کے ساتھ بیان ہوا ہے۔ امام شافعی الام میں فرماتے ہیں:

"ولا يجوز بيع ما اشتراه حتى يقبضه"[24]

یعنی جس چیز کو خریدا گیا ہو، اسے قبضہ سے پہلے فروخت کرنا جائز نہیں۔

امام نووی اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"يشترط القبض في كل مبيع قبل بيعه، سواء كان طعامًا أو غيره، وهذا لا خلاف فيه عندنا"[25]

یعنی ہر مبیع میں قبضہ شرط ہے، خواہ وہ طعام ہو یا کوئی اور چیز، اور اس میں ہمارے نزدیک کوئی اختلاف نہیں۔

شافعیہ حدیثِ حکیم بن حزام کے عموم اور حدیثِ طعام پر قیاس سے استدلال کرتے ہیں، اور علت کو غرر اور ضمان دونوں سے مربوط کرتے ہیں۔

فقہِ حنبلی میں بیع قبل القبض

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا موقف کافی حد تک امام شافعی کے قریب ہے۔ ان کے نزدیک منقولہ چیزوں (جیسے سامان وغیرہ) کو قبضہ سے پہلے بیچنا جائز نہیں، چاہے وہ کھانے کی چیز ہو یا نہ ہو۔ البتہ غیر منقولہ چیزوں (جیسے زمین یا مکان) کے بارے میں دو رائیں ملتی ہیں: ایک کے مطابق یہاں

---

[21] بدایۃ المجتہد، جلد ۲، صفحہ ۱۵۷؛ الشرح الکبیر مع حاشیۃ الدسوقی، جلد ۳، صفحہ ۲۳۴

[22] ابن رشد، محمد بن احمد، بدایۃ المجتہد ونہایۃ المقتصد، بیروت: دار الکتب العلمیہ، 161/2

[23] مالک بن انس، الموطأ، کتاب البیوع، باب بیع الطعام قبل أن یستوفی

[24] الشافعی، محمد بن ادریس، الام، بیروت: دار المعرفۃ، 39/3

[25] النووی، یحییٰ بن شرف، المجموع شرح المہذب، بیروت: دار الفکر، 247/9

بھی قبضہ ضروری ہے، جبکہ دوسری میں کچھ نرمی ہے۔ لیکن زیادہ مضبوط بات یہی سمجھی جاتی ہے کہ ہر صورت میں قبضہ کر لینا بہتر اور محفوظ طریقہ ہے۔

ابن قدامہ المغنی میں لکھتے ہیں:

"ولا يجوز بيع المبيع قبل قبضه إن كان مما ينقل"[26]

یعنی اگر مبیع منقول اشیاء میں سے ہو تو اسے قبضہ سے پہلے فروخت کرنا جائز نہیں۔

ایک اور مقام پر وہ تصریح کرتے ہیں کہ اس کی بنیاد حدیث ابن عمر اور حدیث حکیم بن حزام ہیں۔[27]

حنابلہ کے نزدیک بھی قبضہ کے بغیر فروخت میں "ربح مالم یضمن" کا پہلو پایا جاتا ہے، جو ممنوع ہے۔

ان نصوص اور عبارات کے تقابلی مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ اگرچہ تعبیرات مختلف ہیں، مگر جمہور فقہاء کے ہاں اصل علت ضمان اور غرر سے متعلق ہے۔ اختلاف دراصل اس امر میں ہے کہ آیا حدیثِ طعام موردِ خاص ہے یا علت کی بنا پر عام، اور قبضہ کی تعیین کس معیار پر ہو گی۔ یہی اصولی اختلاف عصرِ حاضر کے تجارتی معاملات میں نئی صورتوں کے اجتہاد کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔

اختلاف کی وضاحت

بیع قبل القبض کے مسئلے میں فقہی مذاہب کا اختلاف دراصل چند بنیادی باتوں کو سمجھنے کے فرق کی وجہ سے ہے، نہ کہ قرآن و سنت میں کسی تضاد کی وجہ سے۔ سب سے پہلے، کچھ فقہاء (احناف و مالکیہ) اُن احادیث کو جو "طعام" کے بارے میں ہیں خاص سمجھتے ہیں، یعنی یہ حکم صرف غذائی اشیاء تک محدود ہے، جبکہ شوافع و حنابلہ اِسے عام مانتے ہیں اور ہر چیز پر لاگو کرتے ہیں، اس لیے اِن کے ہاں ممانعت کا دائرہ زیادہ وسیع ہو جاتا ہے۔ اِسی طرح "ضمان" (ذمہ داری) کے مسئلے میں بھی فرق ہے، احناف منقولہ اور غیر منقولہ چیزوں میں فرق کرتے ہیں، جبکہ شوافع اس فرق کو زیادہ اہم نہیں سمجھتے، اس لیے ان کے اصول زیادہ عمومی ہو جاتے ہیں۔

دوسری طرف اصل اختلاف اس بات میں بھی ہے کہ ممانعت کی وجہ (علت) کیا ہے اور قبضہ کیسے مکمل ہوتا ہے۔ احناف کے نزدیک اصل مسئلہ یہ ہے کہ چیز خریدار کے ذمہ (ضمان) میں آئے، جبکہ شوافع کے نزدیک اصل چیز یہ ہے کہ اس پر مکمل قبضہ ہو، صرف ملکیت کافی نہیں۔ اِسی طرح احناف و مالکیہ کے نزدیک اگر کسی چیز پر عملی کنٹرول مل جائے (تخلیہ)، تو وہ قبضہ کے برابر ہے، جبکہ شوافع و حنابلہ کے نزدیک حقیقی یا واضح قبضہ ضروری ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ سب مذاہب اِن ہی نصوص کو مانتے ہیں، لیکن ان کے سمجھنے اور لاگو کرنے کے طریقے مختلف ہیں، اور یہی فرق فقہ میں وسعت اور لچک پیدا کرتا ہے۔

بیع قبل القبض کی ممانعت: فقہی حکمتیں اور اقتصادی فلسفہ

غرر کا خاتمہ

غرر کا مطلب ہے کسی معاملے میں خطرہ یا دھوکا ہونا۔ نبی کریم ﷺ نے ایسے لین دین سے منع فرمایا ہے جس میں غیر یقینی صورت ہو۔ یہی اصول بیع قبل القبض پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ جب کوئی چیز ابھی خریدار کے قبضے میں نہ ہو تو اس میں شک اور خطرہ ہوتا ہے، مثلاً کیا وہ چیز صحیح حالت میں ہے؟ کیا بیچنے والا واقعی وہ چیز دے سکے گا؟ کیا اس کی وہی خصوصیات ہیں جو بتائی گئی ہیں؟ یہ سب باتیں معاملے کو غیر یقینی بنا دیتی ہیں، جسے غرر کہتے ہیں۔

---

[26] ابن قدامہ، عبداللہ بن احمد، المغنی، بیروت: دار الکتب العلمیہ، 4/87

[27] ایضاً، 4/88

آج کے دور میں اس کی ایک مثال اسٹاک مارکیٹ ہے، جہاں بعض اوقات لوگ ایسی چیز پر سودا کرتے ہیں جس کا مستقبل واضح نہیں ہوتا، جیسے تیل کی قیمت چند مہینوں بعد کیا ہوگی۔ ایسی صورتیں بعض اوقات جُوا (قمار) کے قریب ہو جاتی ہیں، جو اسلام میں منع ہے۔

الخراج بالضمان: نفع اور ذمہ داری کا توازن

حدیثِ مبارکہ میں ہے: "الخراج بالضمان"[28] یہ ایک اہم اسلامی اصول ہے جو حدیثِ مبارکہ سے ماخوذ ہے، جس کا مطلب ہے کہ نفع اُسی کو ملتا ہے جو ذمہ داری اٹھاتا ہے۔ یعنی جب تک خریدار کسی چیز کو اپنے قبضے میں نہیں لیتا، اُس کی ذمہ داری بیچنے والے پر ہی رہتی ہے۔ اگر اس دوران وہ چیز خراب ہو جائے یا ضائع ہو جائے تو نقصان بھی بیچنے والے کا ہوگا، خریدار کا نہیں۔ اِسی لیے خریدار اُس چیز سے فائدہ (منافع) حاصل کرنے کا حق بھی نہیں رکھتا، کیونکہ اُس نے ابھی تک اُس کی ذمہ داری نہیں اٹھائی۔ آسان الفاظ میں جب تک رسک (خطرہ) نہ ہو، تب تک نفع کا حق بھی نہیں ہوتا۔

آج کے دور میں بھی یہی اصول سمجھ آتا ہے کہ اگر کوئی شخص بغیر کسی حقیقی ذمہ داری کے صرف کاغذی لین دین کے ذریعے منافع کمائے تو یہ درست نہیں۔

سماجی انصاف اور قیمتوں کا استحکام

سماجی انصاف اور قیمتوں کے استحکام کے لیے نبی کریم ﷺ نے مدینہ منورہ میں ایک اہم اصول نافذ فرمایا۔ آپ ﷺ نے دیکھا کہ کچھ تاجر اناج کو ابھی مکمل طور پر اپنے قبضے میں لیے بغیر ہی آگے فروخت کر دیتے تھے، جس سے بازار میں مصنوعی مہنگائی پیدا ہوتی تھی اور عام لوگوں کو چیزیں مہنگی ملتی تھیں۔ اس پر آپ ﷺ نے پابندی لگا دی تاکہ تجارت حقیقی بنیادوں پر ہو اور قیمتیں قدرتی طور پر متوازن رہیں۔ آج کی اسٹاک مارکیٹ میں بھی بعض اوقات ایسی ہی صورتحال نظر آتی ہے، جہاں ایک ہی چیز بہت کم وقت میں بار بار خریدی اور بیچی جاتی ہے، جس سے قیمتیں آہستہ آہستہ بڑھتی رہتی ہیں اور آخر کار اصل خریدار کو مہنگا سودا کرنا پڑتا ہے۔ اسلامی اصول ایسی غیر حقیقی اور مصنوعی طریقوں سے ہونے والی تجارت کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں تاکہ معاشرے میں انصاف قائم رہے۔

حقیقی معیشت کو تقویت

حقیقی معیشت کو مضبوط بنانا اسلامی معیشت کا ایک بنیادی اصول ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مالی معاملات حقیقی اشیاء اور اصل تجارت سے جڑے ہوں، نہ کہ صرف کاغذی لین دین پر قائم ہوں۔ اسی لیے اسلام میں بیع قبل القبض سے منع کیا گیا ہے، یعنی جب تک کوئی چیز واقعی طور پر اپنے قبضے میں نہ آجائے، اسے آگے فروخت نہ کیا جائے۔ اس اصول کا مقصد یہ ہے کہ ہر خرید و فروخت کے پیچھے ایک حقیقی چیز اور حقیقی لین دین موجود ہو، محض کاغذی یا فرضی نہ ہو۔

آج کی دنیا میں ایک بڑا مسئلہ یہ ہے کہ مالی لین دین (پیسے کا گھومنا) حقیقی چیزوں (جیسے سامان اور خدمات) کے مقابلے میں بہت زیادہ ہو گیا ہے۔ یعنی کاغذی یا فرضی معیشت، اصل معیشت سے بڑی ہو چکی ہے۔ اسلام اس رجحان کو پسند نہیں کرتا۔ اسی لیے اسلام میں بیع قبل القبض سے منع کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ معیشت حقیقی چیزوں پر قائم رہے، نہ کہ صرف کاغذی لین دین پر، تاکہ نظام مضبوط، متوازن اور انصاف پر مبنی رہے۔

---

[28] سنن ابی داؤد، حدیث ۳۵۰۸؛ جامع ترمذی، حدیث ۱۲۸۵؛ سنن ابن ماجہ، حدیث ۲۲۴۳

جدید کاروبار میں بیع قبل القبض: تفصیلی تجزیہ

آن لائن تجارت میں بیع قبل القبض کا مسئلہ کئی نئی شکلوں کی صورت میں سامنے آتا ہے، جن کا درست فقہی تجزیہ ضروری ہے تاکہ حلال و حرام کی واضح حد قائم رہے۔

صورتِ اوّل: اسٹاک سے چیز بیچنا

پہلی صورت وہ ہے جس میں سیلر کے پاس چیز پہلے سے موجود ہوتی ہے اور وہ اس کا مالک اور قابض ہوتا ہے۔ جب گاہک آرڈر دیتا ہے تو سیلر اپنے اسٹاک میں سے چیز فراہم کرتا ہے، اگرچہ اس کی ترسیل میں چند دن لگ سکتے ہیں۔ فقہی اعتبار سے یہ صورت جائز ہے، کیونکہ یہاں بیع کسی ایسی چیز پر نہیں ہو رہی جو غیر موجود ہو بلکہ موجودہ چیز کی بیع ہو رہی ہے، تاہم تاخیر صرف ڈیلیوری میں ہے، جسے تاخیرِ تسلیم کہا جاتا ہے اور یہ شرائط کے ساتھ درست ہے۔

دوسری صورت: چیز بغیر رکھے بیچنا (ڈراپ شپنگ)

دوسری صورت ڈراپ شپنگ کی ہے، جس میں سیلر کے پاس نہ تو چیز موجود ہوتی ہے اور نہ ہی اس پر اس کا قبضہ ہوتا ہے، بلکہ وہ گاہک سے آرڈر لینے کے بعد کسی تیسرے فریق سے وہ چیز منگوا کر سیدھا گاہک کو بھجوا دیتا ہے۔ یہ صورت اپنی اصل شکل میں ناجائز ہے، کیونکہ اس میں سیلر ایسی چیز فروخت کر رہا ہوتا ہے جو اس کی ملکیت میں نہیں ہوتی، اور نہ ہی اس پر اس کا قبضہ ہوتا ہے۔ یہی وہ چیز ہے جس سے نبی کریم ﷺ نے منع فرمایا: "جو چیز تمہارے پاس نہ ہو اسے فروخت نہ کرو" اس لیے یہ بیع قبل القبض اور بیع مالیس عندک کے زمرے میں آتی ہے۔

